11 اکتوبر 2018ء

## مالی سال 19ء کے پہلے تین ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 5.4 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 19ء کے پہلے تین ماہ (جولائی تا ستمبر) میں 5419.51 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے، جبکہ گذشتہ برس اس عرصے میں 4790.01 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے، چنانچہ 13.14 فیصد نمو ہوئی۔

ستمبر 2018ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1452.43 ملین ڈالر رہی جو اگست 2018ء کے مقابلے میں 28.70 فیصد کم ہے جبکہ ستمبر 2017ء کے مقابلے میں 12.25 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک جولائی 2018ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 360.16 ملین ڈالر، 301.15 ملین ڈالر، 231.21 ملین ڈالر، 203.08 ملین ڈالر، 133.95 ملین ڈالر، اور 41.1 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ ستمبر 2017ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 308.05 ملین ڈالر، 302.77 ملین ڈالر، 171.9 ملین ڈالر، 194.76 ملین ڈالر، 141.02 ملین ڈالر اور 45.07 ملین ڈالر تھیں۔ ستمبر 2018ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 181.78 ملین ڈالر رہیں جبکہ ستمبر 2017ء میں ان ملکوں سے 130.31 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

******